صفحہ آکڑہ اور بنڈل

حصہ اول (ترمیم شدہ)

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خود نمبر بتائیں اور بنکائیں
باونڈ نمبر بتائیں اور بنکائیں

عبدالباسط راٹھور

راٹھور پبلشرز
راٹھور مینشن، 11/2 محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

صفحہ آ کڑہ اور بنڈل

تحریر: عبدالباسط راٹھور

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

مصنف عبدالباسط راٹھور

پبلشر راٹھور پبلشر

رابطہ مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر،
گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان

فون (042)-36293245
(042)-36374864
0321-4753240
0300-8442060
0300-4783518

سن اشاعت 2013

قیمت

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

جملہ حقوق محفوظ ہیں!

جزوی یا مکمل طور پر اس کتاب کا کوئی بھی حصہ مصنف عبدالباسط راٹھور اور پبلشر خالد اسحٰق راٹھور کی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی ذریعے یا مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ ایسا کرنے والے کے خلاف پاکستانی و بین الاقوامی کاپی رائٹ قوانین کے مطابق قانونی کاروائی کی جائے گی۔ خیال رہے کہ کتاب ہذا کے ترجمہ اور اشاعت سمیت دیگر تمام حقوق مصنف عبدالباسط راٹھور اور راٹھور پبلشرز کے پاس ہیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ہے جو ہر سال شائع ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ ہر چیز کو اچھی طرح سمجھنے کے ساتھ ساتھ یاد بھی کریں تا کہ جب آپ نمبر نکالیں تو مشکل پیش نہ آئے۔ آخر میں' میں ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس کتاب کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں میری مدد کی۔

دعا گو

عبدالباسط راٹھور

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

پیش لفظ

سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھ پر اپنی نعمتوں کی بارش کی اور بہت سی کامیابیاں عطا کیں۔ یہ کتاب بھی دراصل مجھ پر اللہ کی نعمتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ 2007 سے اس کتاب کی مسلسل اشاعت اور بڑھتی ہوئی مقبولیت اللہ ہی کے احسان کا نتیجہ ہے۔

2013 تک اس کتاب میں صرف نظرات کی مدد سے نمبر نکالنے کا پہلو زیر بحث رہا مگر عوام کی طلب کو محسوس کرتے ہوئے اس میں مزید بہتریاں اور آسانیاں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ ایک نئے موضوع کو بھی زیر بحث لایا گیا اور وہ ہے میچ کے فگرز۔ گو اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سے پہلے میچ فگرز پر کوئی بھی کتاب مارکیٹ میں موجود نہیں۔ یہ ادارہ "راہنمائے عملیات" ہی کی کاوش ہے جس نے اللہ کی مہربانی سے یہ تمام تر علوم آپ تک پہنچانے کی ہر ساعی کی ہے۔

اس کتاب میں نظرات کی مدد سے کئی نمبر نکالنے کا طریقہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے تاکہ وہ لوگ جو اس علم کے بارے میں تھوڑا بہت جانتے ہیں یا کچھ بھی نہیں جانتے وہ بھی اس کتاب سے بھرپور فائدہ اُٹھا سکیں۔ اس کتاب میں آپ کو اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو پریشان نہ ہوں بلکہ اس کو نوٹ کر لیں اور ساری کتاب کو غور سے پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ کے سوال کا جواب آپ کو کتاب میں ہی مل جائے گا۔

یہ کتاب کا بنیادی حصہ ہے جس میں صفحہ آ کڑہ اور بنڈل نکالنے کے ساتھ ساتھ میچ کے فگر نکالنے کا بھی طریقہ دیا گیا ہے۔ سال بھر کی نظرات اور ڈبیاں ہر سال کی طرح الگ حصے میں دی گئی

ضروری وضاحت

محسوس ہوتا ہے کہ اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ صفحہ آ کڑہ اور بنڈل قاری کو دو الگ الگ حصوں میں دستیاب ہے کیونکہ کچھ قارئین کو ان حصوں کی افادیت اور فرق کو سمجھنا الجھن کا باعث ہوتا ہے سو سمجھ لیں:

کہ کتاب اب دو الگ الگ حصوں میں دستیاب ہے۔

اپنی اصل میں یہ کتاب جب پہلی دفعہ شائع ہوئی تھی تو اس کے دو حصے تھے۔ پہلا حصہ ضروری تکنیکی حسابات پر مشتمل تھا اور دوسرا حصہ پہلے حصہ میں دیئے گئے حسابی فارمولوں کے لیے امدادی مواد یعنی تفصیلی نظرات کواکب، ان کے نمبرز وغیرہ اور حل شدہ روزانہ ڈیبوں پر مشتمل تھا۔ تاہم وقت کے ساتھ اس کتاب کو دو الگ الگ حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔

پہلا حصہ

کتاب کا حصہ اول اُن تکنیکی معلومات اور اُصول و قواعد پر بحث لیے ہوئے ہے جن کی مدد سے انعامی نمبرز، بیچ فگر یا گھڑ دوڑ وغیرہ کے حسابات کیے جا سکتے ہیں۔ پچھلے سالوں کے تجربات اور قارئین کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس میں قابل قدر معلومات کا اضافہ کیا گیا ہے جس کا اندازہ آپ کو کتاب کو پڑھنے کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔

دوسرا حصہ

کتاب کا دوسرا حصہ جس کو آپ کو الگ سے حاصل کرنا پڑے گا ہر سال کی مناسبت سے شائع کیا جاتا ہے۔ اس حصہ میں زیادہ توجہ متعلقہ سال کے حوالے سے وہ مواد فراہم کرنے پر رکھی گئی ہے جو عام قاری متعلقہ قواعد اور تکنیکی معلومات کی روشنی میں خود حل نہیں کر سکتا۔ کتاب کا یہ حصہ دو طرح کی معلومات اور امدادی مواد لیے ہوئے ہے۔

ابتداء میں متعلقہ سال کے حوالے سے نظرات کو مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور ہر نظر بنانے والے کواکب کا نمبر بھی ساتھ تحریر کر دیا گیا ہے۔ ساتھ ہی بننے والی نظر کی قسم' نظر کی بننے کی ابتداء کس وقت ہوگی' انتہا کس وقت ختم ہوگی تاریخ اور وقت کے ساتھ تحریر ہے۔ اور یوں انعامی نمبرز' پیچ فگر اور گھڑ دوڑ وغیرہ کے شوقین قارئین کو تمام معلومات ایک جگہ فراہم کر دی گئی ہیں۔

کتاب کے آخری حصے میں روزانہ کی بنیاد پر دن یعنی ترتیب وار ہر تاریخ کے سامنے انعامی ڈبی استخراج کر دی گئی ہے تاکہ قاری کو زیادہ سے زیادہ متوقع نتائج کے قریب کیا جا سکے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ آپ کو کامیاب فرمائے اور آپ کی مالی پریشانی اور دیگر تکالیف دور فرمائے۔

www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

فہرست مضامین

نام مضمون	صفحہ نمبر
پیش لفظ	4
ضروری وضاحت	6
انعامی نمبرز، گھڑ دوڑ ریس، میچ نگر	14
علم الاعداد	16
انگریزی حروف تہجی	22
زائچہ سازی	24
استخراج طالع اور زائچہ	25
نظرات	32
نمبروں کے استخراج کے لیے جدول	35
منفی عدد	38
شرف وہبوط معلوم کرنے کا طریقہ	40
کواکب کی مستقل دوستی دشمنی	44

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

نمبر استخراج کرنے کا طریقہ	46
سعد و نحس نظرات	49
نمبروں کے استخراج کا طریقہ بمعہ مثال	50
مثال نمبر 1	52
مثال نمبر 2	55
مثال نمبر 3	59
مثال نمبر 4	61
مثال نمبر 5	64
مثال نمبر 6	67
خاص نمبر یا کسی بھی لمحے یا کسی بھی وقت کا لکی نمبر استخراج کرنے کا طریقہ	73
مختصر مثالیں	76
مثال نمبر 7	77
مثال نمبر 8	78
مثال نمبر 9	79
مکرر عدد سے بننے والے آکڑے اور بنڈل کا طریقہ کار	80
لکی نمبرز جنوری 2014	85
آئیں دماغ لڑائیں 2014 / مجذوبی حکم	86
مقدر کا سکندر.....zee-Max	87
مہورت	89
ڈیبوں اور نظرات کی کارستانیاں	90

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات کی مفت کتابیں
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
پیش کش سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

روزانہ نمبروں کا استخراج	93
مثال نمبر 1	94
مثال نمبر 2	97
مثال نمبر 3	99
نمبر نکالنے کا مختصر طریقہ	105
یاداشت	109
ذاتی لکی نمبر	110
طریقہ نمبر 1	111
طریقہ نمبر 2	112
مخصوص دن یا ڈرا کا لکی نمبر معلوم کرنا	113
علم ساعات	115
علم ساعات اور بانڈ نمبر	121
علم ساعات اور میچ نمبر	122
حرف آخر	127
روزانہ کے کسی بھی وقت کے ایڈوانس لکی نمبر	132

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
فری جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

جواہرات

آپ کے مسائل کے حل، آپ کی صحت، روزگار اور رزق میں برکت و وسعت، مختلف امراض سے حصول صحت، معاشرتی عزت و وقار و مرتبہ کے حصول، روحانی مسائل کے حل، روزمرہ مسائل و پریشانی کے حل کے واسطے تعلیمی سلسلوں میں رکاوٹوں کے خاتمے اور ذہن کے علم کی طرف متوجہ ہونے، اعلیٰ تعلیم کے واسطے، جادو ٹونے سے بچنے، سحر کے علاج وغیرہ کے لئے زائچہ پیدائش کے حوالے سے موزوں پتھر کا انتخاب۔ ستاروں کی نحوست دور کرنے کے واسطے پتھر و جواہرات استعمال کرنا زندگی میں کامیابیوں کو بڑھائے گا۔

آپ اداہ سے اصل پتھر مناسب قیمت پر اعتماد کے ساتھ حاصل کر سکتے ہیں۔



قدیم کتب

عملیات، روحانیات، نجوم، پامسٹری، رمل، اعداد، جفر، ساعات، طب اور علوم مخفی کی دیگر شاخوں پر اردو، عربی، فارسی اور انگریزی کی قدیم اور نایاب کتب فوٹو کاپی کی شکل میں علوم مخفی کے شائقین کے لیے پیش کی گئی ہیں۔ قدیم اور نایاب کتب کی مکمل فہرست آپ دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ویب سائٹ پر بھی تمام تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ یہ کتب علم کا نایاب خزانہ ہے جسے ہم نے ہر فرد کے فائدے کے لیے پیش کر دیا ہے۔



500 کے قریب پرانی اور نایاب کتب دستیاب ہیں

قدیم کتب کی تفصیلی فہرست کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں

مسائل کے حل، روحانی و عملیاتی
مدد حاصل کرنے، نقوش وزائچہ
جات، اصل جواہرات کے حصول،
الکحل سے پاک عطریات، پتھروں
کی تسبیح، انگوٹھیوں کے لیے
مکمل اعتماد اور یقین کے ساتھ
ذاتی طور پر یا بذریعہ جوابی خط یا
ای میل سے رابطہ کریں

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خوش جیوے سلطان باہو

khalidrathore.com

انعامی نمبرز، گھڑ دوڑ، ریس، میچ فگر

کتاب ہذا کے اس ترمیمی ایڈیشن میں آپ کو دو قسم کی معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ایک کا تعلق تو براہ راست موضوع سے ہے یعنی صفحہ آ کڑہ اور بنڈل سے ہے اس میں تمام تر بحث کا موضوع کو ایکی نظرات سے متوقع انعامی نمبر یا موٹر نمبر جو کسی بھی کسی اور گیم یعنی گھڑ دوڑ، میچوں یا بانڈ نمبروں وغیرہ میں استعمال ہو سکے گا استخراج ہے۔

گھڑ دوڑ

بطور مثال دیکھیں آپ گھڑ دوڑ کے شوقین ہے اور اس حوالے سے ریس وغیرہ میں حصہ لیتے ہیں۔ اب ایک تو طریقہ یہ ہے کہ آپ گھوڑے کے نام کے مطابق چلیں اور ایک دوسرا طریقہ یہ ہے کہ نام کی بجائے اس کے نمبر کو لے لیں۔ گھڑ دوڑ کے لیے جو بک جاری ہوتی ہے اس میں ہر گھڑ دوے کو ایک خاص نمبر جاری کیا جاتا ہے۔ جو خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ آپ بالکل اس طرز پر متعلقہ عدد کا استخراج کریں جو انعامی نمبر نکالنے کے لیے کتاب ہذا میں زیر بحث آیا ہے اور پھر ریس میں گھڑ دوڑ کے نمبروں یعنی لسٹ لسٹ یا بک جو بھی کہہ لیں اس میں جو نمبر جس گھوڑے کے دیا گیا ہے اس کو دیکھیں اور انعامی نمبروں کے استخراج کے حوالے سے جو راہنمائی کی گئی ہے اس کی پیروی کرتے ہوئے اپنے مقصد کو حاصل کریں۔

گھوڑے کا نام اور اس کا عدد

باوجود اس کے کہ ہم نے گھوڑے کے اندراج اور اس کے نمبر کو اہم جانتے ہوئے اس کے سیریل نمبر یعنی حوالہ نمبر یعنی ترمیمی نمبر کو قابل پیروی جانا ہے۔ وہاں کچھ لوگ اس کے نام اور نام کے عدد کو بھی اہم جان کے اس کے بارے معلومات کے حصول میں دلچسپی رکھتے ہوں گے۔ سو سطور ذیل میں کسی بھی نام کا عدد معلوم کرنے کا طریقہ تحریر کیا جا رہا ہے۔ اس کی مدد سے جو فرد گیم کرنا چاہ رہا ہے چاہیے گھڑ دوڑ یا کوئی ہانڈ نمبر یا ریس یا کوئی اور بھی مقصد ہو۔ اس طریق سے آپ

--- فرد کے نام کا عدد

--- گھوڑے کا عدد

--- گاڑی وغیرہ کا عدد

نکال کر مزید کام کر سکتے ہیں۔ سطور ذیل میں نام وغیرہ کا طریقہ کار بیان کیا جا رہا ہے۔ مضمون کا یہ حصہ والد محترم خالد اسحاق راٹھور صاحب کی کتاب خزینہ اعداد سے بصد شکریہ لیا گیا ہے۔ نمبرز کے بارے مزید تفصیل اور حصول علم کے لیے اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

www.freeamliyaatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

علم الاعداد

علم الاعداد دنیا کے قدیم ترین علوم میں سے ایک ہے۔ دوسرے علوم کی طرح دنیا کی مختلف اقوام اس کو بھی اپنے سے منسوب کرتی ہیں۔ قطع نظر اس سے کہ کس نے اس کو تخلیق کیا۔ ہندوستانی، مصری، چینی، کلدانی اور عربی وغیرہ قدیم زمانے سے اس علم وفن سے کام لے رہے ہیں۔

علم الاعداد کا بنیادی فلسفہ یہ ہے کہ دنیا کی ہر چیز کا کوئی نہ کوئی عدد یا نمبر ضرور ہے۔ جان دار ہو یا بے جان، انسان ہو یا حیوان، ہر فرد کسی نہ کسی عدد کے تابع اور اس کی ارتعاش کے مطابق اثرات کا اظہار کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب دو افراد کے ناموں کے اعداد باہمی طور پر ایک دوسرے کے لیے کشش نہ رکھتے ہوں تو ان میں ناچاقی پائی جاتی ہے اور اگر ان کے اعداد باہم ایک دوسرے کے لیے کشش رکھتے ہیں تو پیار و محبت اور دوستانہ فضاء پیدا ہو جاتی ہے۔

اسی طرح زندگی کے دوسرے معاملات میں بھی یہ عددی قوتیں مسلسل سرگرم ہوتی ہیں۔ یہ بات کئی دفعہ میرے عملی تجربے میں آئی ہے کہ اگر کوئی فرد ایسا پیشہ اپنائے ہوئے ہے یا ایسے روزگار سے وابستہ ہے یا اس کی دوکان کا نمبر یا رہائش کا نمبر اس کے نام سے مطابقت نہیں رکھتا تو اس کو ان امور سے کوئی فائدہ ہونے کی بجائے نقصان یا مسلسل بے چینی اور بدمزگی کا سامنا ہوتا ہے۔ ایسی صورت حال میں اگر فرد کا نام یا متعلقہ کاروبار یا رہائش یا دکان وغیرہ میں سے کسی کے نمبر کو تبدیل کر کے دونوں کی باہمی ارتعاش کو برابر کر دیا جائے تو مثبت نتائج کا حصول ممکن ہو جاتا ہے۔

روزمرہ زندگی میں آپ کو بھی اکثر تجربہ ہوا ہوگا کہ باہم زوجین میں مطابقت نہیں ہوتی یا

کچھ افراد بلاوجہ یا معمولی باتوں پر ایک دوسرے کے دشمن ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کے حالات کی بنیادی وجہ بھی علم الاعداد کی روشنی میں ان میں باہم عددی نا مطابقت پذیری ہے۔

اسی طرح کوئی فرد انعام یا لاٹری بھی نہیں جیت سکتا جب تک اس کے نام اور ٹکٹ نمبر یا ریس کے گھوڑے وغیرہ میں باہم مطابقت نہ ہو۔ خوش قسمتی کے حصول کے لیے عددی لحاظ سے پتھر وغیرہ کا بھی استخراج کیا جاتا ہے۔ (اس موضوع پر بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر کے نام سے الگ کتاب شائع کی گئی ہے)۔ بہر حال یہ ایک لمبی بحث ہے۔ اور اس میں الجھنے کی بجائے ایک آخری بات کے بعد آگے چلتے ہیں۔

جس طرح علم نجوم میں بعض کواکب کو سعد اور بعض کو نحس خیال کیا جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح علم الاعداد میں بھی بعض اعداد کو سعد اور نحس، خوش قسمت اور بدقسمت تصور کیا جاتا ہے۔ جبکہ یہ نظریہ بالکل غلط ہے۔ کوئی عدد بذات خود سعد یا نحس نہیں ہے اور ایسی تقسیم طلبا کو کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔ دراصل ہم یہ تو کہہ سکتے ہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ فلاں عدد فلاں عدد والے شخص کے لیے مناسب نہیں یا اس سے مطابقت نہیں رکھتا لیکن کسی عدد کو تمام افراد اور اشیاء کے لیے سعد یا نحس نہیں قرار دیا جانا چاہیے۔ جیسا کہ عام خیال ہے کہ 13 کا عدد منحوس ہے۔ 6 خوش قسمت عدد ہے۔ 7 پراسرار اور 9 بدقسمتی کی علامت ہے۔ طلباء کو چاہیے کہ ان باتوں کو قطعاً ذہن میں جگہ نہ دیں اور اس طریقے کی پیروی کریں جو آئندہ صفحات میں بیان کیا جائے گا۔

اعداد نکالنا:

علم الاعداد کی مدد سے کسی بھی مسئلے کے حل، سوال کے جواب یا حالات زندگی معلوم کرنے کے لیے سب سے پہلا قدم نام، سوال، تاریخ وغیرہ کا عدد معلوم کرنا ہے۔ سو اس ہی معاملے کو سب سے پہلے بیان کیا جا رہا ہے۔

نام وغیرہ کا عدد معلوم کرنا:

کسی نام یا لفظ وغیرہ کے اعداد معلوم کرنے کے لیے متعلقہ لفظ کے تمام حروف کو الگ الگ لکھ لیا جاتا ہے اور پھر ہر حرف کے نیچے اس کی عددی قیمت تحریر کی جاتی ہے۔ عددی قیمت کو باہم جمع کرنے سے متعلقہ لفظ کے اعداد یا عددی قیمت معلوم ہو جاتی ہے۔

مثال:

فرض کریں ہمیں 'اکبر' کے اعداد معلوم کرنے ہیں۔ سو حسب قاعدہ اس کے تمام حروف الگ الگ لکھیں اور پھر ہر حرف کے نیچے اس کا عدد تحریر کر دیں۔

ا	ک	ب	ر
1	20	2	200

ان اعداد کو آپس میں جمع کر لیں۔ حاصل جمع نام کے اعداد ہوں گے۔

1

20

2

+ 200

---

223 حاصل جمع

اب 223 کو باہم جمع کریں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ہمیں کوئی مفرد عدد حاصل نہیں ہو جاتا۔ دیکھیں:-

7= 2+2+3

'7' دراصل 'اکبر' کی عددی قیمت یا مفرد عدد ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

آپ کے ذہن میں سوال آیا ہوگا کہ کس حرف کی قیمت کہاں سے معلوم ہوگی۔ تو دیکھیں جدول نمبر 1 اس میں ہر حرف کے نیچے اس کی قیمت تحریر کی گئی ہے۔ آپ با آسانی اس سے ہر حرف کی قیمت حاصل کر سکتے ہیں۔

جدول نمبر 1 (ابجد قمری)

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح
1	2	3	4	5	6	7	8
ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع
9	10	20	30	40	50	60	70
ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ
80	90	100	200	300	400	500	600
ذ	ض	ظ	غ				
700	800	900	1000				

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

تاریخ وغیرہ کے اعداد:

یہ تو تھا نام وغیرہ کے اعداد معلوم کرنے کا طریقہ اور اگر آپ نے کسی تاریخ وغیرہ کا عدد معلوم کرنا ہو تو اس کا طریقہ بھی بالکل آسان ہے۔

فرض کریں ہمیں 12-7-1992 کا عدد معلوم کرنا ہے۔ سو ہم ان سب اعداد کو آپس میں جمع کر لیں گے۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

31=1+2+7+1+9+9+2

4=3+1

یعنی مورخہ 12-7-1992 کا مفرد عدد چار (4) ہوا۔

اوپر نام و تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔ یہاں ہم ان سے عدد معلوم کرنے کے لیے چند ضروری ہدایات دے رہے ہیں۔ ان کی پیروی کرنا ہر مبتدی پر لازم ہے تا کہ وہ درست نتائج حاصل کر سکے اور غلط راستے پر گامزن نہ ہو جائے۔

1- نام وغیرہ کے اعداد حاصل کرتے ہوئے ہر وہ لفظ جو بولا جاتا ہے اس کے اعداد آواز یا بولنے کی مناسبت سے نہیں لئے جاتے بلکہ لفظ یا نام وغیرہ کو لکھنے میں جو حروف استعمال ہوں صرف ان کے اعداد لیے جاتے ہیں۔ جو الفاظ بولے جائیں لیکن لکھنے میں نہ آئیں ان کے اعداد نہیں لیے جاتے۔

2- بعض افراد ایک سے زائد ناموں سے پکارے جاتے ہیں اور بعض کا اصل نام غیر معروف ہوتا ہے اور عرفیت یا ذات وغیرہ ہی نام کی جگہ استعمال ہوتی ہے اس قسم کی تمام حالتوں میں حقیقی نام لینا چاہیے نہ کہ ذات و عرفیت وغیرہ۔

3- اسی طرح لقب یا شاعروں کا تخلص بھی نام سے مختلف ہوتا ہے۔ یہ بھی نام کی جگہ استعمال نہیں ہو سکتا۔

4- یہ بات بہر حال اپنی جگہ اہم ہے کہ عرفیت یا تخلص وغیرہ کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ تاہم نام کی اہمیت کسی طور پر کم نہیں ہوتی۔ علمی و عملی مقاصد کے لیے بنیادی طور پر اس کو ہی لیں گے۔ ثانوی طور پر عرفیت یا تخلص وغیرہ کے اثرات بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ اصل نام کے اثرات زیادہ قوی اور حرکت پذیر ہوتے ہیں۔ ہاں اصل نام بالکل ہی پشت پر چلا جائے تو پھر عرفیت اپنے اثرات میں قوی تر ہو جاتی ہے۔

5- تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرتے ہوئے بھی احتیاط لازم ہے۔ بہت سے مرد و خواتین نے یا تو مختلف مقاصد یعنی عمر میں کمی، سکول کالج میں داخلے، یا ملازمت یا کھیل وغیرہ کے سلسلے میں اصل عمر کی بجائے وقت کی ضرورت کے مطابق کوئی دوسری تاریخ درج کروائی ہوتی

ہے۔ بہر حال وجہ کچھ بھی ہو۔ تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنے کے لیے اصل تاریخ کو لینا چاہیے۔ خود ساختہ تاریخ پیدائش کا عدد لینا ماسوائے وقت اور محنت برباد کرنے کے اور کچھ بھی نہیں کیونکہ اعداد کے نظام میں تاریخ پیدائش کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

جدول نمبر ایک میں اردو حروف تہجی کی مکمل عددی قیمت بیان کی گئی ہے۔ جدول نمبر 2 میں حروف تہجی کی مختصر قیمت بیان کی جارہی ہے۔ حساب کرتے ہوئے ایک تو ہمیں اس سے آسانی ہو جاتی ہے اور دوسرا جواب کی صحت پر بھی کوئی منفی اثر نہیں پڑتا۔

جدول نمبر 2

ا، ی، ق، غ	1
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	2
ج، چ، ل، ش	3
د، ڈ، م، ت، ٹ	4
ہ، ن، ث	5
و، س، خ	6
ز، ژ، ع، ذ	7
ح، ف، ض	8
ط، ص، ظ	9

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

بطور مثال اسم اکبر کے اعداد دوبارہ اس جدول سے حاصل کریں۔

خوش نصیب جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ا	ک	ب	ر
1	2	2	2

7=2+2+2+1

دیکھا آپ نے ایک تو عمل مختصر ہو گیا اور دوسرا جواب کی صحت پر بھی کوئی اثر نہیں پڑا۔ اکبر کا عدد پہلے بھی 7 حاصل ہوا تھا اور اب بھی 7 ہی ہے۔

انگریزی حروف تہجی

عملی طور پر اس میدان میں قدم رکھنے کے ساتھ آپ کو اردو کے الفاظ کے علاوہ انگلش کے الفاظ سے بھی واسطہ پڑے گا۔ زیادہ بہتر یہی ہے کہ ایسے حروف جو انگریزی زبان سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کی ہمیشہ انگریزی حروف تہجی کے مطابق قیمت لی جائے۔ جدول نمبر 3 میں انگریزی حروف تہجی اور ان کی قیمتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

جدول نمبر 3

1	2	3	4	5	6	7	8	9
A	B	C	D	E	F	G	H	I
J	K	L	M	N	O	P	Q	R
S	T	U	V	W	X	Y	Z	

مثال:

آپ نے اسم Albert کا عدد معلوم کرنا ہے۔ حسب قاعدہ ہر حرف کے نیچے اس کی قیمت جدول نمبر 3 سے لے کر تحریر کرتے جائیں۔ اور پھر باہم سب اعداد کو جمع کر کے مفرد عدد حاصل کر لیں وہی اس اسم کا عدد ہو گا۔

A	L	B	E	R	T
1	3	2	5	9	2

22= 1+3 +2 +5 +9 +2

4 =2 +2

سو اس اسم کا مفرد عدد چار ہوا۔

اب جبکہ تاریخ پیدائش اور نام کے اعداد معلوم کرنے کا طریقہ بیان کر دیا گیا ہے اور ہر فرد اپنا یا سائل کا عدد با آسانی استخراج کر سکتا ہے۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ کس عدد کے زیر اثر فرد کس قسم کی خصوصیات کا اظہار کرتا ہے۔ آپ متعلقہ کتاب ''خزینہ اعداد'' حاصل کریں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

شان اگربتی

اگربتی کوئی ایسی شے نہیں کہ بازار میں دستیاب نہ ہو۔ پھر یہاں اس کا ذکر کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

بات یہ ہے کہ اگربتیاں تو بازار سے مل جاتی ہیں لیکن یہ عملیاتی مقاصد کے لیے موزوں نہیں ہوتی۔ سو راہنمائے عملیات کے تحت عمومی اور خصوصی عملیاتی مقاصد، پڑھائی، وظائف اور زکوٰۃ وغیرہ کے دوران استعمال کرنے کے لیے خصوصی طور پر تیار کی گئی ہیں اور ان میں تمام تر عملیاتی مقاصد اور احتیاطوں کو دھیان میں رکھا جاتا ہے۔

عموماً عملیاتی پڑھائی طویل وقت پر مشتمل ہوتی ہے اور عام اگربتی بیس یا تیس منٹ کام کرتی اور پھر ختم ہو جاتی ہے۔ جبکہ ادارہ کی فراہم کردہ اگربتی کم و بیش چار گھنٹے تک مسلسل جلتی رہتی ہے اور ماحول کو معطر رکھتی ہے اور یوں ماحول کو عملیاتی حوالے سے مطلوبہ ماحول دستیاب ہو جاتا ہے اور عامل کو بھی بار بار بخور کی طرف توجہ دینے کی بجائے پورا وقت اور توجہ پڑھائی و عمل کی طرف رکھنے میں کوئی دشواری نہیں آتی۔ اس کو ایک دفعہ آزمائیں، خود اس کے قائل ہو جائیں گے۔ ہر طرح کے سعد امور میں استعمال ہو سکتی ہے

پیش کش سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

زائچہ سازی

ایک اور اہم اور اضافی امر جو بنیادی طور پر اس کتاب کا حصہ نہ تھا لیکن جو بنیادی طور پر اس کتاب کا حصہ نہ تھا لیکن جو مزید محنت کرنے یا سیکھنے کے خواہش مند ہوں ان کی راہنمائی اور یہ بتانے کے لیے کہ درست نتائج کے حصول کے لیے کس کس طرح اور کس کس سمت میں کام کر سکتے ہیں زائچہ سازی کا طریقہ بیان کیا جا رہا ہے۔

زائچہ سازی دراصل علم نجوم سے متعلق وہ حساب ہے جس کی مدد سے کسی فرد کی پیدائش کے خاص وقت یا کسی قرعہ اندازی یا میچ یا گھڑ دوڑ یا لاٹری وغیرہ کے وقت آسمانی کوا کبی نقشہ استخراج کر کے اس کی روشنی میں متوقع نمبر، جیتنے والے گھوڑے یا کرکٹ ٹیم یا لاٹری وغیرہ کے نمبروں یا کسی فرد کے ذاتی طور پر جیتنے یا ہارنے یا خوش قسمتی یا بد قسمتی کے حوالے سے حکم بیان کیا جاتا ہے۔

علم نجوم یعنی زائچہ سازی کی مدد سے آپ کسی بھی رگز کا معاملہ ہو اس کے ہر ہر پہلو کا تفصیلی اور جامعیت بھرا جائزہ لے سکتے ہیں

ذیل میں مختصر طور پر زائچہ سازی کا طریقہ بیان کیا جا رہا ہے۔ تاہم مزید اور تفصیلی معلومات کے لیے آپ ہماری کتاب راہنمائے علم نجوم (حصہ اول) سے مدد لے سکتے ہیں۔

فری آکلٹ بکس www.freeamliyaatbooks.com FREE OCCULT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

استخراج طالع اور زائچہ

نوٹ:

یہ مضمون خالد روحانی جنتری سے لیا گیا ہے مزید معلومات کے لیے آپ خالد روحانی جنتری اور ہماری علم نجوم پر کتب حاصل کر سکتے ہیں۔

خالد روحانی جنتری میں جو روزانہ کواکبی رفتاریں دی گئی ہیں وہ بحساب سیانہ (یونانی) ہیں اور پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق صبح پانچ بجے کی ہیں اس لیے زائچے میں یہ رفتاریں پُر کرتے ہوئے مقامی اور معیاری وقت جمع یا تفریق کرنے کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ البتہ زائچہ بنانے کے لیے مقامی وقت اور معیاری وقت میں فرق کو جمع یا تفریق کرنا پڑے گا اس سلسلے میں ذیل میں ایک مثال دی جا رہی ہے۔ فرض کریں ہمیں وقتی یا پیدائشی زائچہ استخراج کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہمیں مندرجہ ذیل امور کی ضرورت ہوگی۔

درست وقت سوال یا وقت پیدائش:

یاد رکھیں نجومی مقاصد کے لیے وقت کو ہمیشہ فوجی طرز میں لکھا جاتا ہے یعنی بارہ بجے دوپہر کے بعد ایک نہیں بلکہ تیرہ آتا ہے۔ اسی طرح شام چھ بجے کو ۱۲+۶=۱۸ بجے پڑھیں گے۔

کوکبی وقت:

سال کے کسی بھی دن کا کوکبی وقت اگلے صفحات پر دی گئی سالانہ تقویم سے متعلقہ تاریخ کے سامنے دوسرے کالم میں جس کے اوپر کواکبی وقت کے الفاظ درج ہیں میں دیکھ سکتے ہیں۔ خالد روحانی

جنتری میں کواکب و بروج کو ظاہر کرنے کے لیے علامتیں تو نہیں دی گئی ہیں، تاہم طلباء اور قارئین کی سہولت کے لیے ان کو اس مضمون میں بیان کیا جا رہا ہے۔

وقت پیدائش اور مقامی وقت میں فرق:

اگلے صفحے پر دیئے گئے جدول سے معلوم کر سکتے ہیں۔ جنتری میں دی گئی ٹیبل آف ہاؤسز جس کو لگن سارنی یا تسویۃ الہیوت کے نام سے بھی پکارتے ہیں۔ پاکستان کے بڑے شہروں کے بارے میں بہت محنت سے تیار کی گئی ہے۔

قاعدہ استخراج طالع و کواکب:

وقت سوال یا وقت پیدائش میں اس دن کا کوکبی وقت جمع کر لیں۔ حاصل جمع سے مقامی اور معیاری وقت حسب قاعدہ جمع یا تفریق کر دیں۔ یہ جدول اگلے صفحے پر دیا گیا ہے۔ حاصل شدہ وقت کو ٹیبل آف ہاؤسز کے پہلے کالم میں دیکھیں۔ جہاں یہ وقت یا اس سے قریب وقت ملے۔ اس سے دوسرے کالم کی مقدار جو کہ دسویں گھر کے درجات ہوں گے نوٹ کر لیں۔ دوسری چیز جو آپ نوٹ کریں گے وہ طالع کے درجات ہیں یہ آپ اس کالم سے لیں جس کالم میں آپ کے مطلوبہ شہر یا مطلوبہ شہر سے قریب اہم شہر کا نام درج ہے۔

عملی مثال:

ذیل میں یکم جنوری 2014 شام 5 بجے لاہور شہر کا زائچہ استخراج کرتے ہیں۔

وقت پیدائش	17-00-00
یکم جنوری کا کوکبی وقت	06-42-00
کل وقت	23-42-00
وقت 24 گھنٹے سے زائد ہو تو تفریق کریں 24 سے	00-00-00

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

باقی وقت	23-42-00
لاہور کا فرق	-00-03-00
کل حاصل وقت	23-39-00

23 گھنٹے اور 39 منٹ کو ٹیبل آف ہاؤسز میں دیکھیں یہاں 23 گھنٹے اور 40 منٹ درج ہیں بس ان کو ہی لے لیں۔ لاہور کے کالم میں درجات 21-9 اور برج سرطان درج ہے۔

سوزائچے کی شکل یوں ہوگی۔ اس زائچے میں یکم جنوری 2014 کو سیارگان کی پوزیشن درج کرنے سے ہمارا زائچہ مکمل ہو جائے گا۔



نوٹ: زائچہ بنانے، پڑھنے اور نجومی احکام بیان کرنے کے سلسلے میں آپ خالد اسحاق راٹھور کی کتاب راہنمائے علم نجوم (حصہ اول) اور راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم) سے مکمل راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
فری عملیات بکس
سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گرہ/کوکب

ہندی نام	اردو نام	انگریزی نام	علامت

☉	SUN	شمس	سورج
☾	MOON	قمر	چندرماں
☿	MERCURY	عطارد	بدھ
♀	VENUS	زہرہ	شکر
♂	MARS	مریخ	منگل
♃	JUPITER	مشتری	برہسپت
♄	SATURN	زحل	سنیچر
♅	URANUS	یورنیس	یورنیس
♆	NEPTUNE	نپ چون	نپ چون
♇	PLUTO	پلوٹو	پلوٹو
☊	MOON'S NODE	راس	راہو

راس/بروج

علامت	انگریزی نام	اردو نام	ہندی نام
♈	ARIES	حمل	میکھ
♉	TAURUS	ثور	برکھ
♊	GEMINI	جوزا	متھن
♋	CANCER	سرطان	کرک

www.freeamliyaatbookspot.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

♌	LEO	اسد	سنگھ
♍	VIRGO	سنبلہ	کنیا
♎	LIBRA	میزان	تلا
♏	SCORPIO	عقرب	برچھک
♐	SAGITTARIUS	قوس	دھن
♑	CAPRICORN	جدی	مکر
♒	AQUARIUS	دلو	کنبھ
♓	PISCES	حوت	مین

اہم شہروں کے معیاری اور مقامی وقت کا فرق

نام شہر	وقت	نام شہر	وقت
اسلام آباد	7-20	ایبٹ آباد	7-00
اوکاڑہ	6-00	بنوں	17-35
بدین	24-24	بلوچستان	40-0
بہاولپور	12-52	پشاور	13-44
پاک پتن	6-16	پسرور	25-8
خوشاب	8-40	ٹھٹھہ	28-8
جیکب آباد	26-4	جہلم	4-52
جھنگ	10-32	چکوال	8-24

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

حیدرآباد	26-36	حسن ابدال	9-00
خیرپور (پنجاب)	20-52	خیرپور (سندھ)	25-4
خان پور	17-21	خوشاب	10-24
ڈیرہ اسماعیل خان	16-16	ڈیرہ غازی خان	16-44
راولپنڈی	7-44	رائے ونڈ	3-24
ساہیوال	10-32	سیالکوٹ	0-26
سمہ سٹہ	12-28	سرگودھا	9-10
سکھر	24-28	سہون	48-24
سوات	9-40	شرقپور	3-36
شیخوپورہ	4-0	شکارپور	25-20
عیسیٰ خیل	14-44	کوئٹہ	31-52
کیمل پور	10-28	کمالیہ	9-12
کوہاٹ	14-40	کراچی	31-56
گوجرخان	6-40	گجرات	3-40
گوجرانوالہ	3-4	قلات	43-48
قصور	1-56	لاہور	2-48
فیصل آباد	7-40	لالہ موسیٰ	3-56
لنڈی کوتل	15-28	منٹگمری	6-36
میانوالی	13-48	ملتان	14-8
مظفر پور	15-4	مٹھن کوٹ	18-20

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مانسہرہ	7-0	مردان	11-48
مری	6-12	نوشہرہ	11-52
نواب شاہ	26-8	نارووال	0-20
نصیر آباد	26-8	وزیر آباد	3-20
ہری پور ہزارہ	8-8	ہڑپہ	8-8
ہنزہ	2-20		

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس

لوحِ مریخ و تحفظ ورد سحر

ان سے حفاظت، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، ان کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ کالا جادو، آسیب، سحر اور بندش وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی لوحِ مریخ استعمال کی جاتی ہے۔ ان حوالوں سے یہ ایک لاجواب لوح ہے۔

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
فری عملیات بکس جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

نظرات

علم نظرات، علم النجوم کا ایک اہم حصہ ہے۔ دیگر طریقوں کے علاوہ نظرات کی مدد سے بھی ہم ستاروں کی طاقت وغیرہ کو دیکھتے ہیں۔ علم النجوم میں کسی بھی طرح کا حکم بیان کرنے میں نظرات بنیادی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں اور اگر ہم احکام لگاتے وقت نظرات کو زیر غور نہ لائیں تو اس میں کوئی شک نہیں کہ احکام غلط ثابت ہوں گے۔

اس کتاب میں آپ کو نظرات کی مدد سے ڈرا، انعامی سکیموں، لکی نمبر اور میچ فکسر معلوم کرنے کے طریقہ کار مثالوں کے ساتھ بتائے گئے ہیں۔ سال بھر کی تمام نظرات اور لکی ڈبیاں الگ حصے میں دی گئی ہیں جو آپ ادارے سے طلب کر سکتے ہیں۔

نظرات کو ہم اپنے روزانہ کے معاملات میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کی وضاحت کرنے سے پہلے آپ کو ایک راز کی بات بتانا چاہوں گا وہ یہ کہ اکثر پیر فقیر جو جگہ جگہ پر بیٹھے ہوتے ہیں وہ زیادہ محنت میں پڑھے بغیر صرف ان نظرات کو دیکھتے ہوئے جواب دے دیتے ہیں۔ حالانکہ انہیں علم النجوم کی صحیح طرح سمجھ بھی نہیں ہوتی۔ اب آپ سوچیں گے کہ نظرات کی مدد سے کس طرح؟

تو اس کا جواب بھی میں آپ کو دوں گا اور آپ کو بھی ایک چھوٹا پیر بنا دوں گا۔

جیسے کسی نے پوچھ لیا کہ میں فلاں جگہ کاروبار کے حوالے سے جا رہا ہوں تو کیا ہوگا اگر فرض کریں اس وقت عطارد اور مشتری کی نحس نظر بن رہی ہوگی تو آپ کہہ دیں "ہو سکتا ہے کہ آپ لاپرواہی کے سبب غلط فیصلہ لے لیں گے اس لیے جلد بازی نہ کریں اور آرام سے تمام دستاویزات کو اچھی طرح پڑھ

کر فیصلہ لیں"۔

اسی طرح اگر قمر اور زہرہ کی نحس نظر بن رہی ہو تو روپے کی تنگی وغیرہ ہو سکتی ہے۔ تمام کواکب کی آپس میں سعد اور نحس نظرات کی تفصیل آپ ہماری کتاب "راہنمائے علم النجوم" سے دیکھ سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ بات یہاں سرسری طور پر آ گئی اصل مقصد اس کتاب کا بانڈ نمبر اور لکی نمبر استخراج کرنے کے فن سے متعلق ہے۔

ان تمام باتوں کا بتانے کا مقصد یہ تھا کہ آپ اپنے چھوٹے موٹے معاملات خود نظرات دیکھ کر حل کر لیں اور چھوٹے موٹے عاملوں کی بجائے ابتدائی سطح کا کام خود کر سکیں ہاں مکمل مہارت کے لیے آپ علم النجوم کے کورس یا کتب سے مدد لے سکتے ہیں۔ مگر یاد رہے کہ نظرات کا استعمال چھوٹے موٹے معاملات میں تو آسانی سے کیا جا سکتا ہے مگر بڑے اور اہم معاملات میں نظرات کا استعمال آپ کے لیے کارآمد ثابت نہ ہوگا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ نظرات اہم معاملات میں فضول ہیں بلکہ ان سے بڑے اور اہم معاملات میں صرف وہی مخلص فائدہ اُٹھا سکتا ہے جو علم النجوم سے بخوبی واقف ہو۔ اگر آپ علم النجوم سے بخوبی واقف ہیں تو آپ کو یہ بھی پتہ ہوگا کہ ان نظرات سے بڑے معاملات میں کس طرح فائدہ اُٹھانا ہے۔ علم نجوم میں نظرات سے احکام بیان کرنے کے لیے کواکب کے خواص یا منسوبات اور ان کے درمیان بننے والی نظر کو اہمیت دی جاتی ہے جبکہ یہی علم جب ہم انعامی نمبرز کے لیے استعمال کرتے ہیں تو کواکب کے منسوبات یا خواص کی بجائے ان سے منسوب نمبروں کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ جن کی بنا پر ہم انعامی نمبر استخراج کرتے ہیں۔

یوں تو "خالد روحانی جنتری" اور "راہنمائے عملیات" میں بھی نظرات دی جاتی ہیں۔ مگر ان میں دی گئی نظرات اور کتاب میں دی گئی نظرات میں بنیادی فرق یہ ہے کہ اس کتاب میں ہر چھوٹی سے چھوٹی نظر سے لے کر بڑی سے بڑی نظر تک نظرات دے دی جاتی ہے جبکہ جنتری میں صرف اہم اور بڑی نظرات دی جاتی ہیں جس کے پیچھے بنیادی وجہ یہ ہے کہ علم نجوم میں ڈیشن گوئی کے دوران چھوٹی نظرات بہت زیادہ اہمیت کی حامل نہیں ہوتیں مگر نمبروں کے استخراج میں ان کی اہمیت کافی بڑھ جاتی

ہے۔ چونکہ یہ کتاب نمبروں کے موضوع پر ہے اسی لیے قارئین کے لیے اس میں تمام چھوٹی بڑی نظرات دی جاتی ہیں۔ سو جیسا پہلے تحریر کیا کہ یہ کتاب کیوں کہ بانڈ نمبروں کے بارے میں ہے سو اس وقت صرف اس بارے میں ہی بحث کروں گا۔

کورسز

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز، لاہور کا قیام 1991 میں عمل میں آیا تھا۔ اس کے تحت ادارہ نے مختلف علوم پر کورسز کا اجراء بالمشافہ، ڈاک اور کلاسز کے ذریعے کیا۔ اس وقت نجوم' اعداد' جفر' حاضرات' جفر' ٹیرٹ کارڈ' عملیات انعامی نمبروں' ساعات وغیرہ پر کورسز جاری ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

نمبروں کے استخراج کے لیے جدول

بلحاظ اعداد ہر کوکب کو ایک خاص نمبر دیا جاتا ہے۔ ذیل کی سطور میں ہر کوکب کے سامنے اس سے منسوب عدد دیا گیا ہے۔ جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نظرات بنانے والے کو اکب جن اعداد کے مظہر ہیں آپ ان کو جان سکیں۔ گو قاری کی آسانی کے لیے ہر سال شائع ہونے والے صفحہ آکڑہ اور بنڈل میں متعلقہ نظرات کے بیان میں کواکب کے نام کے ساتھ اس کا عدد بھی تحریر کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں بھی بطور مثال دی گئی نظرات بھی اس طرز پر تیار ہیں جس طرز پر سال کے صفحہ آکڑہ اور بنڈل کے ہر نئے حصہ میں یہ بیان کی جاتی ہیں۔

کواکب کا نمبر جدول (1)

کوکب	نمبر
شمس	1
قمر	2
عطارد	5
زہرہ	6
مریخ	9
مشتری	3
زحل	8

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش جیون سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

یورانس	4
نیپچون	7
پلوٹو	0
چیرون	0/4
راہو	8

اگر نظر سعد ہو تو ان کے کوکب کے اصل نمبر لیں گے اور اگر نظر نحس ہو تو کوکب کے گھر کا عدد لیں گے۔ جیسے شمس نحس ہے تو اس کا عدد 6 لیں گے۔ ذیل میں دیا گیا جدول ان کے گھروں کے نمبروں کے ساتھ دیا گیا ہے۔ خیال رہے کتاب میں پچھلی سطور میں دیئے گئے نمبر زہی کوکب کو دیئے گئے ہیں۔ کیونکہ یہ ان کے فطری نمبر ز ہیں۔ ان میں جو تبدیلی واقع ہوئی ہے یا آپ نے دیئے گئے طریق کو سمجھتے ہوئی مزید محنت کرنی ہے یہ آپ کی ذاتی کاوش اور اہمیت کے مطابق ہے۔

کواکب کا نمبر جدول (2)

کوکب	نمبر	گھر کا نمبر
شمس	1	6
قمر	2	7
عطارد	5	0
زہرہ	6	1
مریخ	9	4
مشتری	3	8
زحل	8	3
یورانس	4	9

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش جیسر سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

نیچون	7	2
پلوٹو	0	5
چیرون	0/4	5/9
راہو	8	3

نوٹ:

اگر دو کواکب نحس نظر بنا رہے ہوں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم ان دونوں کے گھروں کے نمبر لیں گے بلکہ بعض اوقات ان میں سے کسی ایک کا اور بعض اوقات دونوں کا نمبر لیں گے۔ اسی طرح اگر دو کواکب آپس میں سعد نظر بنا رہے ہیں تو لازمی نہیں کہ کواکب کے اصل نمبر آئیں بلکہ بعض اوقات ان میں سے کسی ایک کے گھر کا نمبر بھی آ سکتا ہے۔ یہ فیصلہ آپ نے ان کی باقی ستاروں کے ساتھ نظرات سے اور ان کی شرف و ہبوط وغیرہ کی حالت سے کرنا ہے۔ کیونکہ جس قدر نجوم کی سمجھ زیادہ ہوگی اسی قدر آسانی سے درست نمبر کی طرف آپ کی فطرت راہنمائی ہوگی۔ تاہم صرف نظرات کی بنیاد پر بھی درست عدد استخراج کیا جا سکتا ہے۔

لوح زہرہ

عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے باکمال لوح ہے۔ اس کے ساتھ زعفران سے تحریر کردہ خصوصی نقوش بھی پینے کے لیے دیئے جائیں گے۔ بیوٹی پارلر اور ڈاکٹروں سے استفادہ کے ساتھ ساتھ اس لوح اور نقوش کا استعمال حیرت انگیز نتائج لائے گا۔ وہ مرد اور خواتین جو حسن اور خوبصورتی کے مسائل کا شکار ہوں وہ بھی اس لوح سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

منفی عدد

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ کواکب نحس حالت میں ہوں تو ان کے گھروں کے نمبر لیں۔ اس کی ایک دوسری حالت بھی ہوتی ہے جو کہ کتاب کے اس حصے میں آپ کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔ وہ یہ کہ اگر کواکب نحس حالت میں ہو تو لازمی نہیں کہ اس کے گھر کا عدد آئے بلکہ اس کا منفی عدد بھی آ سکتا ہے۔

کواکب کے منفی اعداد کا جدول نیچے دیا جا رہا ہے۔ اس کے استعمال کے لیے کچھ مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ سو ایک دو دفعہ استعمال کر کے اس کو چھوڑ نہ دیں بلکہ جو بھی صورت حال سامنے آئے اس کا تنقیدی جائزہ لیں اور بار ہا اس کو استعمال میں لائیں۔ اس طور ہی آپ اس کو استعمال کرنا سیکھ پائیں گے۔

کوکب	منفی عدد
شمس	4
قمر	7
عطارد	9
زہرہ	3
مریخ	5
مشتری	6

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
خوش جیسے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

زحل	1

نوٹ:

وہ کواکب جن کے منفی عدد نہیں لکھے ان کے اپنے اصل نمبر ہی استعمال کر سکتے ہیں۔

راہنمائے عملیات ماہنامہ لاہور

راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔

خالد روحانی جنتری

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔

خالد ہندی جنتری

خالد ہندی جنتری ہر سال شائع ہوتی

فرزوق Far-Zoq

Far-Zoq, an English quarterly

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

شرف و ہبوط معلوم کرنے کا طریقہ

دی گئی نظرات کے آخری دو کالموں میں ان کے بروج کے نام لکھے ہوئے ہیں کہ وہ کوکب کس برج میں بیٹھا ہے۔ پہلے کالم میں پہلے کوکب کا برج اور دوسرے کالم میں دوسرے کوکب کا برج اس کے علاوہ ان کے ساتھ ان کی ڈگریاں بھی دی گئی ہیں۔

اگر آپ نے پہلے کوکب کا شرف و ہبوط دیکھنا ہے تو پہلے دیکھیں کہ کوکب کون سے برج میں بیٹھا ہے۔ جیسے اگر زہرہ حوت میں بیٹھا ہے تو مندرجہ ذیل ٹیبل میں زہرہ کو ڈھونڈنے کے بعد زہرہ کے نیچے دیکھیں کہ وہاں حوت کہاں لکھا ہوا ہے تو آپ پائیں گے کہ زہرہ حوت میں شرف میں بیٹھا ہوا ہے جو کہ ایک کافی سعد حالت ہے۔

آپ یہاں پر کافی حالتیں دیکھ رہیں ہوں گے اب آپ کے ذہن میں یہ سوال آئے گا کہ کونسی حالت سعد اور کونسی نحس ہے تو آپ کا یہ مسئلہ بھی حل کر دیتا ہوں۔

توجہ دیں:.....

☆ شرف سب سے اچھی حالت ہوتی ہے

اور ہبوط سب سے بری حالت ہوتی ہے۔

☆ پھر دوسرے نمبر پر اوج سب سے اچھی حالت ہے

اور حضیض دوسرے نمبر پر بری حالت ہے۔

☆ اسی طرح عروج اور ترفع 3 اور 4 نمبر کی اچھی حالتیں ہیں اور وبال اور تنزل 3 اور 4 نمبر کی بری حالتیں ہیں۔

شرف وہبوط کواکب کا ٹیبل ذیل میں دیا گیا ہے۔اس سے آپ جان سکتے ہیں کہ کس کوکب کو کس برج میں شرف یا ہبوط یا اوج یا حضیض وغیرہ ہوگا۔ساتھ ہی جہاں ضرورت تھی وہاں شرفی یا ہبوطی درجہ بھی تحریر کر دیا گیا ہے۔

جدول کواکب شرف وہبوط وغیرہ

کوکب	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	یورانس	نیچون	پلوٹو
شرف	حمل 19	ثور 3	جدی 28	سنبلہ 15	سرطان 15	حوت 27	میزان 21	عقرب	قوس	اسد
ہبوط	میزان 19	عقرب 3	سرطان 28	حوت 15	جدی 15	سنبلہ 27	حمل 21	ثور	جوزا	دلو
اوج	سرطان 20	سنبلہ 10	اسد 19	عقرب 5	میزان 2	جوزا 22	قوس 13			
حضیض	جدی 20	حوت 10	دلو 19	ثور 5	حمل 2	قوس 22	جوزا 13			
عروج	اسد	سرطان	حمل	جوزا	قوس	ثور	دلو			
وبال	دلو	جدی	میزان	قوس	جوزا	عقرب	اسد			
ترفع	اسد	ثور	حمل	سنبلہ	قوس	میزان	دلو			
تنزل	دلو	عقرب	میزان	حوت	جوزا	حمل	اسد			

کواکب کے شرف وہبوط کے علاوہ ذیل میں بروج اوران کے حاکم کواکب کے نام لکھے ہیں۔ اس جدول کی مدد سے آپ کو یہ جاننے میں آسانی ہوگی کہ کوئی کوکب اپنے برج/گھر میں ہے یا کسی اور برج/گھر میں بیٹھا ہوا ہے۔

بروج اوران کے حاکم کواکب

بروج	حاکم کوکب
حمل	مریخ
ثور	زہرہ
جوزا	عطارد
سرطان	قمر
اسد	شمس
سنبلہ	عطارد
میزان	زہرہ
عقرب	مریخ/پلوٹو
قوس	مشتری
جدی	زحل
دلو	زحل/یورانس
حوت	مشتری/نیپچون

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش جیون سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

کواکب کی مستقل دوستی دشمنی

نجومی طریقہ کار میں کواکب کے باہمی تعلق کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ کچھ کواکب آپس میں دوست، کچھ دشمن اور کچھ غیر جانب دار ہوتے ہیں۔ درج ذیل جدول کواکب کی ان حالتوں کو بیان کر رہی ہے۔ کواکب کی دوستی دشمنی آپ کو کوکب کا مثبت یا منفی نمبر استخراج کرنے میں مدد دے گی۔ اس کے استعمال کا طریقہ کار بالکل سادہ سا ہے۔

جدول دوستی دشمنی کواکب (مستقل)

کوکب	دوست	دشمن	غیر جانبدار
شمس	قمر، مریخ، مشتری	زحل، زہرہ	عطارد
قمر	شمس، عطارد	x	مریخ، مشتری، زہرہ، زحل
مریخ	شمس، قمر، مشتری	عطارد	زہرہ، زحل
عطارد	شمس، زہرہ	قمر	مریخ، مشتری، زحل
زہرہ	زحل، عطارد	شمس، قمر	مشتری، مریخ
مشتری	شمس، قمر	عطارد، زہرہ	زحل
زحل	عطارد، زہرہ	شمس، قمر، مریخ	مشتری

کواکب کے درمیان بننے والی نظر میں پہلے کوکب کی پوزیشن پانچویں کالم میں اور دوسرے کوکب کی چھٹے کالم میں دی گئی ہے۔

مثلاً قمر اور شمس کے درمیان تسدیس کی نظر بن رہی ہے۔ قمر برج جوزا میں بیٹھا ہوا ہے۔ اب آپ نے یہ دیکھنا ہے کہ آیا کہ قمر جس برج میں بیٹھا ہوا ہے اس کا حاکم اور قمر آپس میں دوست ہیں یا دشمن ہیں یا غیر جانبدار۔ تو اس کے لیے پہلے آپ کو برج جوزا کا حاکم معلوم کرنا ہوگا۔ بروج سے متعلق حاکم کا ٹیبل پچھلے صفحے پر دیا جا چکا ہے جہاں دیکھنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ برج جوزا کا حاکم عطارد ہے اب اوپر دیئے گئے ٹیبل میں قمر میں جائیں تو قمر اور عطارد آپس میں دوست ہیں لہذا قمر کا ثبت نمبر زیادہ اہمیت کا حامل ہوگیا۔

انگوٹھی مریخ
جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور ردسحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ تانبے پر خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت تیار کی گئی ہے۔ تانبے پر یہ خاص انگوٹھی ایک طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو موثر پایا گیا ہے۔ آپ بھی حسب ضرورت اس کو استعمال میں لا سکتے ہیں۔

www.freeamliyaatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

نمبر استخراج کرنے کا طریقہ

نظرات کی مدد سے نمبر معلوم کرنے کے لیے سب سے پہلے آپ کو ڈرا کی تاریخ اور اس کا وقت معلوم ہونا چاہیے اور اگر آپ ڈرا کی تاریخ جانتے ہیں تو آپ آسانی سے کسی بھی وقت کا نمبر نکال سکتے ہیں۔ بس اس کے لیے آپ کو نظرات کا جدول پڑھنا سمجھنا ہوگا جو نہایت آسان ہے۔ کتاب میں دی گئی نظرات کے جدول کی جھلک نیچے ملاحظہ فرمائیں۔

کواکب بمعہ نظر	ابتدا نظر تاریخ و وقت	تکمیل نظر تاریخ و وقت	اختتام نظر تاریخ و وقت	کواکب اول برج و درجات	کواکب دوم برج و درجات
عطارد(5) نیم تربیع زہرہ(6)	31-10-13 18:19	01-11-13 04:48	01-11-13 15:15	ع15عقرب11	15قوس25

اس کے پہلے کالم میں کواکب کے مابین بننے والی نظرات کا ذکر ہے جس میں آپ کی راہنمائی اور آسانی کے لیے کوکب سے منسوبی نمبر اس کے ساتھ ہی لکھ دیئے گئے ہیں۔

دوسرے کالم میں نظر کی ابتداء کی تاریخ اور وقت دیا گیا ہے۔

تیسرے کالم میں نظر مکمل ہونے کی تاریخ اور وقت دیا گیا ہے۔

چوتھے کالم میں اختتام نظر کی تاریخ و وقت دیا گیا ہے۔

پانچویں کالم میں نظر بنانے والے پہلے کوکب کی پوزیشن کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ کس برج میں بیٹھا ہوا ہے۔ جیسے اوپر دیئے گئے ٹیبل میں عطارد (5) نیم تربیع زہرہ (8) کی نظر بن رہی ہے تو اس میں پہلا کوکب عطارد ہوا جو برج عقرب میں بیٹھا ہوا ہے۔ اسی طرح چھٹے کالم میں دوسرے کوکب یعنی زہرہ کی پوزیشن بتائی گئی ہے جو برج قوس میں بیٹھا ہوا ہے۔

اب فرض کریں آپ نے یکم نومبر کو ہونے والے ڈرا کا نمبر نکالنا ہے اس کے لیے آپ نظرات کے ٹیبل میں یکم نومبر کو بننے والی نظرات کی نشاندہی کرلیں۔ اب اس میں سے قمر کے علاوہ بننے والے کواکب کی نظرات کو الگ کرلیں کیونکہ قمر کے علاوہ باقی تمام نظرات زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ حتی کہ قمر کے علاوہ وہ نظرات جو یکم نومبر سے 1 یا 2 دن پہلے یا بعد میں بن رہی ہیں وہ بھی کافی اہمیت کی حامل ہوں گی لہذا ان کو بھی مارک لگالیں۔

یوں تو آپ کی آسانی کے لیے کواکب کے سے منسوب نمبر نظرات کے ساتھ ہی لکھ دیئے گئے ہیں مگر کواکب اور ان سے منسوبی اعداد ان کے گھر کے اعداد اور منتی اعداد کے ٹیبل پچھلے صفحات میں دیئے جا چکے ہیں۔ مگر یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ ان میں سے کونسا نمبر کب استعمال کرنا ہے۔ درج ذیل ہدایات کو کم از کم دو بار لازماً پڑھیں۔

(1) سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ کیا کواکب کے درمیان سعد نظر بن رہی ہے یا نحس اس کا فیصلہ کرنے کے لیے اگلے صفحات میں سعد و نحس نظرات کا مکمل ٹیبل دیا گیا ہے اس کا استعمال کریں۔

(2) دوسرے نمبر پر کوکب کی ذاتی سعادت یا نحوست دیکھیں اس کے لیے آپ شرف و ہبوط کا ٹیبل اور کواکب کی دوستی و دشمنی کا ٹیبل ملاحظہ فرمائیں۔ اور اگر آپ زائچہ بنانا جانتے ہیں تو زائچے کے گھروں کا بھی خاص خیال رکھیں اس حوالے سے آگے مزید بیان کیا گیا ہے۔

(3) تیسرا اور آخری مرحلہ فیصلہ کا ہے۔

اگر سعد نظر ہے اور کواکب بھی سعد حالت میں بیٹھے ہیں تو ان کا اپنا ذاتی نمبر لیں گے جو ان کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔

اگر سعد نظر ہے مگر کوئی ایک کوکب نحس حالت میں بیٹھا ہوا ہے تو اس کا منفی عدد اور گھر کا نمبر بھی ساتھ لیں گے مگر زیادہ اہم اس کا اپنا نمبر اور منفی نمبر ہوگا۔

اگر نحس نظر ہے اور کواکب سعد حالت میں ہیں تو کواکب کے منفی اور اپنے سارے نمبر لے کر آکڑے بنائیں گے۔

اگر نحس نظر ہے اور کوئی ایک کوکب نحس ہے تو صرف اس نحس کوکب کے منفی اور گھر کے عدد لیں گے اور دوسرے کوکب کا ذاتی / مثبت نمبر لیں گے۔

چند ضروری ہدایات

ڈرا عموماً دن کے وقت ہوتا ہے اسی لیے اگر کوئی کوکب نحس ہے تو اس کا منفی یا گھر کا عدد لینے کا کہا گیا ہے مگر اس کا مثبت عدد بھی اپنی اہمیت قائم رکھتا ہے۔

البتہ اگر رات کو ڈرا ہو تو منفی عددوں کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ اور اکثر کوکب کی نارمل حالت میں بھی اس کے منفی عدد کا استعمال کریں گے۔

کوکب کے نحس ہونے کی صورت میں منفی عدد۔ گھر کے عدد کی نسبت زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

یورانس، نیپچون، پلوٹو، راہو اور چیرون کے منفی عدد نہیں۔ لہذا ان کے اپنے نمبر یا دوسرے درجے پر ان کے گھروں کے اعداد لیں گے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سعد و نحس نظرات

ذیل میں کتاب میں بیان کردہ نظرات کا مکمل ٹیبل دیا گیا ہے۔ نیز ان کی سعد و نحس حالتوں کا بھی بیان ہے جس کی مدد سے آپ با آسانی اندازہ لگا لیں گے کہ کواکب کے مابین بننے والی نظر کونسی ہے اور اس کی مطابقت سے آپ نے کوکب کا کونسا نمبر استعمال کرنا ہے۔ کواکب کے مابین یہ درجاتی فاصلہ بہت اہم ہوتا ہے اور بنیادی نمبر میں تبدیلی کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ سو اس بات کو ذہن میں رکھیں اور کواکب کے ساتھ دیئے نمبروں کو اِن کی اس مزاجی کیفیت کے ساتھ استعمال میں لائیں۔

فاصلہ	نام	حالت
30	نیم تسدیس	سعد صغیر
45	نیم تربیع	نحس صغیر
60	تسدیس	سعد اصغر
90	تربیع	نحس اصغر
120	تثلیث	سعد اکبر
180	مقابلہ	نحس اکبر
0	قران	اچھے کواکب کا اچھا نحس کا نحس

www.freeonlyvidyathbooks.com FREE ONLY VIDYATH BOOK'S www.facebook.com/groups/freeonlyvidyathbooks

نمبروں کے استخراج کا طریقہ ومثال

ذیل میں مثالوں کے ساتھ نمبر نکالنے کا طریقہ بیان کر رہا ہوں۔ ان مثالوں میں ان تمام باتوں کو زیر بحث لایا گیا ہے جن کی مدد سے آپ نمبر نکال سکتے ہیں اور وہ باتیں جو نمبر نکالنے میں آپ کے لیے پریشانی کا سبب بنیں گی ان پر بھی تفصیلی بحث کی گئی ہے اور ان کو مثالوں کے ذریعے آپ کو سمجھانے کی پُرخلوص کوشش بھی کی گئی ہے۔ لہذا میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ تمام مثالوں کو لازمی اچھی طرح پڑھیں کیونکہ ہر مثال میں ایک نئی چیز سیکھنے کو ملے گی۔

اگر آپ کہیں کچھ پڑھنے کے بعد پریشان ہوتے ہیں یا آپ کے ذہن میں کوئی سوال آتا ہے تو پریشان نہ ہوں بلکہ اس چیز کو نوٹ کر لیں اور باقی کتاب کو اچھے طریقے سے پڑھیں۔ انشاءاللہ آپ کو آپ کے سوال کا جواب اسی کتاب میں مل جائے گا۔ کیونکہ میں نے اس کتاب میں چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بات کا بھی ذکر کر دیا ہے۔ تاکہ وہ شخص جو علم النجوم سے تھوڑا بہت واقف ہو یا ذرا بھی واقف نہ ہو وہ بھی اس کتاب سے فائدہ اُٹھا سکے۔

اگر پوری کتاب پڑھنے کے باوجود کچھ سوالوں کے جواب نہ ملیں تو میں مشورہ دوں گا کہ اسے دوسری دفعہ ضرور پڑھیں انشاءاللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ آپ کو کامیابی دے گا۔ تاہم بار بار کی کوشش کے باوجود کسی بات کی وضاحت نہ ہو تو جوابی خط کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگلے صفحات میں چند مثالیں دی گئی ہیں اور اس سلسلے میں یہ طریقہ کار رکھا گیا ہے کہ مثال کے شروع میں قرعہ اندازی کے مکمل کوائف اور زائچہ دیا گیا ہے۔ اس کے بعد اس دن بننے والی نظرات پر

مکمل اور تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ کسی بھی دن بننے والی روزانہ نظرات کو کتاب کے آخر میں بیان کر دیا گیا ہے۔

مثال پڑھنے کے ساتھ ساتھ آپ کو قرعہ اندازی کی تاریخ والی نظرات کو ایک نظر دیکھنا ہوگا تا کہ آپ مثال کو آسانی سے سمجھ سکیں۔

لوح نورانی

روحانیات میں حروف مقطعات و نورانی کو غیر معمولی مانا جاتا ہے۔ اِن کے اسرار ہر کسی پر الگ طریقے سے منکشف ہوتے ہیں اور ہر ایک کا مکاشفہ و مشاہدہ اِن کی روحانیت کے حوالے سے الگ ہے۔ قرآن عظیم کی متعدد سورتوں کی ابتداء اِن سے ہوتی ہے۔ یہ اپنے اسرار کے ساتھ ہر سعد و نیک کام کے حوالے سے عملیاتی و روحانی موثریت کے حامل ہیں۔ کوئی بھی امر ہو اس کے لیے اِن کو مجرب و موثر پایا گیا ہے۔ صحت، نوکری، اولاد، شادی، سفر، بزنس، خوبصورتی، لطافت، ذہانت، یاداشت، اولاد، شہرت، رد سحر و بندش جیسے لاتعداد امور کے لیے اس لوح سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

مثال نمبر 1

مالیت بانڈ	40,000
تاریخ	1-6-2007
مقام	کراچی
ڈرا نمبر	30
دن	جمعہ

زائچہ



www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
عملیات کی مفت کتابیں

صفحہ آکڑہ اور بنڈل کیسے بنے؟

اس زائچہ میں نظرات کے لحاظ سے نپچون سب سے طاقتور ستارہ ہے یہ قمر، مشتری، پلوٹو اور مریخ سے برجی لحاظ سے تسدیس کی نظر بنا رہا ہے اور شمس کے ساتھ تثلیث کی یہ صرف زحل کے ساتھ مقابلہ کی نظر بنا رہا ہے جو کہ واحد بُری نظر ہے اور باقی تمام ستاروں کی نظرات کے لحاظ سے یہ سب سے طاقتور ستارہ ہے اور اس کا عدد 7 ہے۔ لہذا اس دفعہ 7 کا صفحہ اس وجہ سے آیا۔

